سفارتخانۂ امریکہ کی طرف سے ڈیرہ غازیخان میں دہشتگردی کے واقعے کی مذمت

اسلام آباد، 3 اپریل 2011۔۔ سفارتخانۂ امریکہ ضلع ڈیرہ غازیخان میں ایک مزار پر ہونے والے دہشت گردانہ بم دھماکے کی پُرزور مذمت کرتا ہے اور سوگوار خاندانوں اور ان کے عزیز و اقارب سے دلی تعزیت کا اظہار کرتا ہے۔

دہشتگردوں کے جنون سے کوئی شخص محفوظ نہیں۔ وہ سیاسی رہنماؤں، زائرین حتیٰ کہ بچوں تک کو اپنی وحشت کا نشانہ بنا رہے ہیں۔ وہ بے گناہ لوگوں کا جو خون بہا رہے ہیں، اُس کا کوئی جواز پیش نہیں کیا جا سکتا۔

امریکہ پاکستان کے لوگوں اور حکومت کے ساتھ اپنی مکمل یکجہتی کا اظہار کرتا ہے، جو اپنے وطن کو پُرامن اور خوشحال بنانے کی جدوجہد میں مصروف ہیں۔